**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**08اگست2025ء**

# پریس ریلیز

## ٹرمپ کے امریکہ کا پاکستان پر اچانک مہربان ہو جانا انتہائی قابل تشویش ہے۔

## ابلیسی اتحادِ ثلاثہ کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کے لیے اتحادِ اُمّت ناگزیر ہے اور اِسی میں پاکستان کی سالمیت بھی مضمر ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** ٹرمپ کے امریکہ کا پاکستان پر اچانک مہربان ہو جانا انتہائی قابل تشویش ہے۔ ابلیسی اتحادِ ثلاثہ کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کے لیے اتحادِ اُمّت ناگزیر ہے اور اِسی میں پاکستان کی سالمیت بھی مضمر ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ آج سے تقریباً 5 دہائیاں قبل سابق امریکی وزیر خارجہ ہنری کسنجر نے امریکی خارجہ پالیسی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ کا دشمن تو اُس سے بچ سکتا ہے لیکن اُس کا دوست اُس سے نہیں بچ سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے امریکہ سے تعلقات بلکہ غلامی کی 78 سالہ تاریخ اِس بات کی گواہ ہے کہ امریکہ نے ہر اہم موڑ پر پاکستان کو نقصان ہی پہنچایا ہے۔ لہٰذا امریکہ کے پاکستان پر اچانک مہربان ہو جانے اور فیلڈ مارشل صاحب کا چند ہفتوں کے فصل سے دوبارہ امریکہ کا دورہ کرنا ملک وملت کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ اخباری اطلاعات کے مطابق حکومتِ پاکستان نے پی آئی اے سمیت 24 سرکاری اداروں کی نجکاری کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسے فیصلے ملک وقوم کے لیے انتہائی نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ امریکہ پاکستان میں موجود قیمتی اور نایاب معدنیات خصوصاً تانبے کے ذخائر پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ امریکی خارجہ پالیسی کے دو اہم ستون ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کی ہر قیمت پر غیر مشروط مدد کرنا اور دنیا بھر میں اپنی اجارہ داری کو قائم کرنا ہے۔ بھارت، امریکہ اور اسرائیل کی طرف سے دیئے گئے اہداف کو پورا نہ کر سکا اور آج بظاہر اُن کے زیرِ عتاب ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ایران کے صدر کا دو روزہ دورۂ پاکستان انتہائی خوش آئند ہے۔ پھر یہ کہ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق پاکستان اور بھارت کے وزرائے اعظم کا 31 اگست کو چین کا دورہ اور چینی صدر سے ملاقات خطے میں کسی اہم پیش رفت کا نقطہ آغاز ثابت ہو سکتی ہے بشرطیکہ مودی کشمیر اور خود بھارت میں اپنی مسلم دشمن پالیسیوں اور امریکہ واسرائیل کے ساتھ اتحاد سے تائب ہو، جس کی امید رکھنا دیوانے کے خواب سے کم نہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان بھی دو کشتیوں کا سوار بننے کی بجائے عالمی جنوب (Global South) کے ساتھ جُڑے رہنے کا اصولی فیصلہ کرے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ غزہ، کشمیر اور دیگر مسلم ممالک میں دشمن قوتوں کا ظلم و ستم روکنے کا اصل اور دیرپا حل تو یہ ہے کہ مسلم ممالک میں اتحاد واتفاق پیدا ہو اور وہ اُسی صورت میں ممکن ہے جب نسل، رنگ اور دیگر عصبیتوں سے بالاتر ہو کر تمام 57 مسلم ممالک قرآن وسنت کو اپنا امام بنا کر اُن سے جڑ جائیں اور دین کے نفاذ کے لیے تن من دھن لگا دیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِسی میں پاکستان کی بقاء اور سلامتی بھی مضمر ہے۔ اگر مسلمان ممالک اب بھی جسدِ واحد کی صورت اختیار نہیں کرتے تو طاغوتی قوتیں ایک ایک کر کے انہیں نیست ونابود کر دیں گی اور اِس حوالے سے ایران کے بعد اگلی باری پاکستان کی بھی آسکتی ہے جس کی ایک کوشش حال ہی میں بھارت نے امریکہ اور اسرائیل کی مدد سے آپریشن سندور کی صورت میں کی، لیکن اللہ تعالیٰ کے خاص فضل وکرم سے پاکستان نے دشمنوں کو ہزیمت ناک شکست دی۔ اللہ تعالیٰ مسلم ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو حقیقت کا ادراک کرتے ہوئے دینِ متین کے مطابق فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: Aug 8th, 2025**

## Trump's America suddenly showing kindness towards Pakistan is extremely alarming.
## To thwart the nefarious designs of the satanic alliance of three — Ittihad-e-Ummat (Unity of the Ummah) is indispensable, and in this lies Pakistan's integrity as well.
## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh, who said that nearly five decades ago, former U.S. Secretary of State Henry Kissinger remarked that while America's enemy might survive, its friend never does, and Pakistan's 78-year history of subservience to the U.S. proves that it has harmed Pakistan at every crucial juncture. Thus, America's sudden affection for Pakistan, along with the Field Marshal's recent visit to the U.S., should be a cause for deep concern. Reports of the Government's decision to privatize 24 state-owned enterprises, including PIA, are dangerous, especially when the U.S. also covets Pakistan's valuable mineral resources, particularly copper. The two pillars of U.S. foreign policy — unconditional support for the illegal Zionist state of Israel and the maintenance of global hegemony — remain intact, and India, having failed to achieve their set objectives, now faces their displeasure. He called the Iranian President's visit to Pakistan encouraging, and noted the upcoming 31 August visit of the Pakistani and Indian Prime Ministers to China as potentially significant, though unlikely to bring change unless Modi abandons his anti-Muslim policies and alliance with America and Israel. Pakistan, he stressed, must align firmly with the Global South and avoid "riding two boats." The only lasting solution to oppression in Gaza, Kashmir, and other Muslim lands is for all 57 Muslim countries to unite above all divisions under the Qur'an and Sunnah, dedicating themselves to the implementation of the Deen — for in this lies Pakistan's survival and security. Failure to unite will see tyrannical forces destroy them one by one, with Pakistan possibly next, as seen in India's recent failed "Operation Sandoor" attempt foiled by the grace of Allah (SWT). He prayed that Allah (SWT) grant Muslim rulers and leaders the ability to decide in accordance with the true Deen. Ameen!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**

**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**